”بے شک اللہ تعالیٰ نے میری خاطر میری امت سے غلطی، بھول چوک اور مجبوراً کرائے گئے کام کو معاف کر دیا ہے“

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بے شک اللہ تعالیٰ نے میری خاطر میری امت سے غلطی، بھول چوک اور مجبوراً کرائے گئے کام کو معاف کر دیا ہے“
[نووی کہتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے] [اسے ابن ماجہ اور بیہقی وغیرہ نے روایت کیا ہے]

اللہ کے نبی ﷺ بتا رہے ہیں کہ اللہ نے آپ کی امت سے درج ذیل تین احوال میں ہونے والے گناہوں کو معاف کر دیا ہے: 1- غلطی سے ہونے والے گناہ یعنی ایسے گناہ جو بالارادہ نہ کیے گئے ہوں مثلا کوئی مسلمان کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے، لیکن اس سے کچھ اور ہو جائے 2- بھول چوک سے ہونے والے گناہ یعنی کسی مسلمان کو کوئی بات یاد تو ہو، لیکن جب کرنے کا وقت آئے، تو بھول جائے ایسا ہونے پر کوئی گناہ نہیں ہے 3- زور زبردستی سے کرایا گیا گناہ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ انسان کو کوئی ایسا کام کرنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے، جسے وہ کرنا نہیں چاہتا اور اس کے پاس حالات کا مقابلہ کرنے کی طاقت بھی نہیں ہوتی اس طرح کی صورت حال میں اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا یہاں یہ یاد رہے کہ اس حدیث کا تعلق ایسے گناہ سے ہے، جن کا تعلق بندے اور اس کے رب سے ہو کسی مامور فعل کو بھول جانے سے وہ ساقط نہیں ہو جاتا اسی طرح اگر کسی کے بھول کر کوئی کام کردینے سے کسی مخلوق کا کچھ نقصان ہو جائے، تو مخلوق کا حق ساقط نہیں ہوگا مثلا غلطی سے کسی کا قتل کر دے، تو دیت دینی ہوگی اسی طرح کسی کی گاڑی کا نقصان کر دے، تو اس کا ہرجانہ دینا ہوگا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4216